© rasailojaraid.com



# نقد و نظر

کتاب الفقہ علی المذاہب الاربعہ جلد سوم (اردو ترجمہ)

مصنف: عبدالرحمٰن الجزیری    ترجمہ: منظور احسن عباسی

ناشر: علما اکیڈمی محکمہ اوقاف پنجاب۔ حضوری باغ۔ بادشاہی مسجد لاہور

صفحات ۷۹۶۔ جلد، کاغذ، طباعت (ٹائپ) شاندار۔ قیمت: پینتالیس روپے

علامہ عبدالرحمٰن الجزیری، عالم اسلام کی مشہور شخصیت ہیں۔ ان کے علم و فضل کا اندازہ اس سے لگایے کہ انھوں نے "الفقہ علی المذاہب الاربعہ" کے نام سے ایک نہایت عمدہ کتاب تصنیف کی ہے۔ یہ کتاب چار ضخیم جلدوں میں پھیلی ہوئی ہے۔ سنا ہے اس کی پانچویں جلد بھی زیور طبع سے آراستہ ہو چکی ہے۔ اس کتاب کی خوبی یہ ہے کہ مختلف فقہی مسائل سے متعلق۔ وہ عبادات کے بارے میں ہوں یا معاملات کے بارے میں۔ چاروں فقہی مذاہب (حنفی، مالکی، شافعی، حنبلی) کی آرا ضروری تفصیل سے بیان کر دی گئی ہیں۔ مصنف علام جس مسئلہ فقہیہ کو زیر بحث لاتے ہیں، اس کے متعلق مذاہب اربعہ میں جو دلائل دیے گئے ہیں ان کو نہایت مناسب انداز اور عمدہ اسلوب سے درج کتاب کر دیتے ہیں۔ اس میں چونکہ تمام مسالک فقہی کے سلسلے کا ضروری مواد موجود ہے، اس لیے اہل علم میں یہ کتاب بڑی مقبول ہے۔ اصل کتاب عربی زبان میں ہے۔ اس کے اردو ترجمے کی شدید ضرورت تھی۔ اب محکمہ اوقاف پنجاب کی علما اکیڈمی کے شعبہ مطبوعات کی طرف سے اس کو اردو کے قالب میں ڈھال دیا گیا ہے۔ محکمہ مذکور نے یہ بہت مستحسن خدمت انجام دی ہے۔ دعا ہے، اللہ تعالیٰ اس خدمت علمی پر اس کے کارپردازوں کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

ترجمہ جناب منظور احسن عباسی صاحب نے کیا ہے، جو بڑا رواں دواں اور شستہ ہے۔ مترجم موصوف کو اس کا بہتر بدلہ اللہ تعالیٰ ہی دے گا۔

© rasailojaraid.com

محکمہ اوقاف کی طرف سے اس سے قبل اس کتاب کی پہلی دو جلدوں کا ترجمہ شائع ہو چکا

© rasailojaraid.com



ہے۔ محکمے نے اس اہم کام کی انجام دہی کا فیصلہ کیوں کیا؟ اس کے بارے میں علما اکیڈمی کے ڈائرکٹر جناب محمد یوسف صاحب گورایہ کتاب کے پیش لفظ میں لکھتے ہیں:

"پاکستان کا مملکتی دین اسلام ہے۔ اس کی بنیادی تعلیمات عربی زبان میں ہیں۔ پاکستانی مسلمانوں کی اکثریت عربی زبان نہ جاننے کی وجہ سے دین کی تعلیمات و احکام کو بلاواسطہ سمجھنے کی اہلیت نہیں رکھتی۔ صحیح علم کے بغیر صراطِ مستقیم پر گامزن ہونا مشکل ہے۔ ان سب مسائل کا تقاضا ہے کہ عربی زبان کے عام ہوتے تک اسلامی فقہ و قانون کی معتبر کتب کا پاکستان کی قومی زبان اردو میں ترجمہ پیش کیا جائے۔ محکمہ اوقاف پنجاب نے اسی ملکی و ملی تقاضے کے پیشِ نظر دنیائے اسلام کے عظیم فقیہ عبد الرحمٰن الجزیری کی شہرۂ آفاق تالیف "کتاب الفقہ علی المذاہب الاربعہ" کا اردو ترجمہ قوم کے سامنے پیش کرنے کا منصوبہ بنایا۔"

الفقہ علی المذاہب الاربعہ کی یہ جلد معاملات سے متعلق ہے اور اس میں درج ذیل امور و مسائل کے بارے میں چاروں مذاہب فقہی کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔

شرکت، اور اس کے متعلقہ مباحث۔ اجارہ (اجرت یا کرایہ) کا بیان اور اس کے بارے میں تفصیلات۔ وکالت اور اس سلسلے کے تمام امور۔ حوالہ اور اس سے متعلقہ ضمنی مسائل۔ ضمانت اور اس کے شرائط و مباحث۔ ودیعت (یا امانت) کی شرعی حیثیت اور اس ضمن کے معاملات۔ عاریت (یعنی عارضی طور پر لی ہوئی اشیا) کا بیان اور اس کے بارے میں بنیادی اور ضروری چیزیں۔ ہبہ اور اس سلسلے کی تفصیل۔ وصیت۔ اس کی تعریف، اس کے شرائط اور اس کی شرعی حیثیت۔

غرض یہ کتاب اپنے موضوع سے متعلق تمام مباحث کا احاطہ کیے ہوئے ہے اور فقہی اعتبار سے بالکل منفرد نوعیت کی حامل ہے۔ اس کا مطالعہ علما و طلبا کے لیے بھی ضروری ہے اور قانون دان حضرات کے لیے بھی!

محکمہ اوقاف کی علما اکیڈمی کی یہ بہت بڑی خدمتِ دین ہے۔ تعلیم یافتہ طبقے کو اس پر اس کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔

© rasailojaraid.com